Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۶ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۶ رذی الحجہ ۱۳۴۳ھ مطابق ۲۹ رجون ۱۹۲۵ء | جلد ۳۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ مظہر الاسلام فنر۔	۱
۲	بابت ٹھیکہ نمک شور۔	۲ و ۳
۳	رخصت ناظر فوجداری۔	۳
۴	رخصت اہلمد سیشن۔	"
۵	بابت معافات سرکہائے شہر و بیرونجات۔	"
۶	انتخاب جدید ممبران میونسپل بورڈ۔	۴
۷	نقشہ بارش و نرخنامہ اجناس	ضمیمہ
۸	روئداد جلسہ کمیٹی	"

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۲۱ رجون ۱۹۲۵ء

مثل رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت دربارہ منظوری اضافہ تنخواہ مظہر الاسلام فنر شاہرہ دار ۱۵ بقدر ۵ روپیہ از یکم جولائی ۱۹۲۵ء تبنظر اسلوبی کام۔

حکم

مظہر الاسلام فنر کی تنخواہ موجودہ پندرہ روپیہ پر پانچ روپیہ اضافہ حسب رپورٹ

منظور ہو۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۲۲ اپریل سنہ ۱۹۲۵ء

نمک فروشی شہر رامپور کا ٹھیکہ میعادی دو سال من ابتدا یکم مئی سنہ ۱۹۲۵ء لغایت آخر اپریل سنہ ۱۹۲۷ء جلسہ نیلام ۱۲ اپریل سنہ ۱۹۲۵ء بجمع [illegible] سالانہ بنام خیراتی لال و جگدیش پرشاد ختم ہوا ہے۔ اس ٹھیکہ کے جو شرائط درج بولی نیلام ہیں انکی اطلاع عام ہو۔ نمک کی ضرورت معلوم ہوتی ہے۔ لہذا نقل شرائط فرد بولی نیلام ذریعہ روبکار ہذا سر رشتہ [illegible] صاحب صدر کے پاس مرسل ہو کر لکھا جائے کہ اس روبکار کو مع فرد شرائط کے درج گزٹ کرا دیں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

فرد بولی نیلام ٹھیکہ نمک شہر رامپور میعادی دو سال من ابتدا یکم مئی سنہ ۱۹۲۵ء لغایت آخر اپریل سنہ ۱۹۲۷ء بہ شرائط مفصلہ تحت باجلاس جناب صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۱۲ اپریل سنہ ۱۹۲۵ء

۱۔ یہ ٹھیکہ صرف شہر کا دیا جاتا ہے علاقہ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

۲۔ ٹھیکہ دار کے علاوہ کوئی دوسرا شخص شہر کیواسطے نمک نہیں لاسکیگا۔

۳۔ ٹھیکہ دار کو نمک اپنے مصارف سے اور اپنے اہتمام سے بلا اعانت سرکار لانا ہوگا۔

۴۔ نمک لاہوری جسطرح ہمیشہ سے ٹھیکہ دار شہر لاتا اور بیچا کرتا ہے اب بھی شامل ٹھیکہ ہذا رہیگا۔

۵۔ ڈیوٹی نمک کے عہ فیمن ہے۔ اور اسکے حساب سے پارسال لاگت کا اندازہ فیمن بوزن ۸۰ تولہ بتفصیل ذیل ہوا تھا۔

قیمت	ڈیوٹی	بھرائی و حوالی و بوریاں بشام سالہ	کرایہ ریل
۴ر فیمن	عہ فیمن	۹ فیمن	۱۰ر۲ فیمن

مصارف بھرائی از اسٹیشن رامپور تا گودام و قیمت بوریان بقدر چار روپیہ و دیگر اخراجات جو ٹھیکہ دار کو گودام تک نمک لانے میں کرنا پڑینگے ۳ر فیمن اور اُسکے حساب سے پارسال اوسط نرخ ۱۱ سیر ۲ تولہ ۴ ماشہ ۵ رتی فی روپیہ بوزن ۸۰ نکلا تھا جسمیں ۱۱ سیر ۲ تولہ ۴ ماشہ ۵ رتی

بتفصیل ذیل	بقدر دو آنہ مقررہ قدیم جیساکہ ہمیشہ سے نرخ مقرر ہوتا آیا ہے کم سے گران رکھا جاتا ہے	کرایہ تولہ ماشہ
	۱۰ سیر ۳ ماشہ ۵ رتی	۵ تولہ ۱ ماشہ

کم کرکے ۱۱ سیری روپیہ بوزن ۸۰ کا نرخ پارسال مقرر کیا گیا تھا اب معلوم ہوا ہے کہ بوریہ کی قیمت فیمن ۳ر ۹ پائی بوری کمی ہوگئی ہے جسکا حساب لگانے سے ۵ پائی فیمن اور ۱۰ پائی فی روپیہ مصارف میں بڑھ گئے اسکے ذریعہ سے وہ کسر اب ۵ تولہ ۱ ماشہ کی بھی باقی نہیں رہی۔ اور اب صحیح نرخ بعد منہائی [illegible] کے بارہ سیری روپیہ نکلتا ہے۔ لہذا یہ بارہ سیری نرخ شہر میں اُسوقت تک برابر جاری رہیگا جبتک کوئی تغیر محصول ڈیوٹی یا کرایہ یا کسی لاگت میں نہوگا اگر کسیوقت کوئی لاگت قابل تبدیلی نرخ کی [illegible] جائیگی تو نرخ میں بھی اُسوقت ترمیم کردیجائیگی۔

۶۔ ہلکی نمک پر ٹھیکہ دار کو کم از کم ایک آنہ تک کا نمک بیچنا ہوگا۔ زیادہ کی حد مقرر نہیں ہے۔

۷۔ نرخ کی پوری پابندی کرنا ہوگی بحالت خلاف ورزی سزا دیجائیگی۔

۸۔ جس جس کو ٹھیکہ ہوگا اُسکی قسط ماہ بماہ ادا کرنا ہوگی بحالت دیر [illegible] طلبانہ مقررہ لیا جائیگا۔ اور مطالبہ بقایا حسب قواعد صیغہ مال وصول کیا [illegible]

۹۔ روزینہ جات سرکار کا [illegible] من نمک بوزن ۸۰ اسی ٹھیکہ دار مذکور کو آرڈر حاصل کرکے اپنے مصارف اور اپنے اہتمام سے لانا ہوگا اور اسی ٹھیکہ میں شامل کرکے نرخ مقررہ بالا بیچنے کا اختیار ہوگا۔

۱۰۔ رقم روزینہ جات [illegible] ڈیوٹی عہ فیمن بتعداد دو [illegible] باقساط ذیل

بعد چھ ماہ دو [illegible] بحساب جاری ماہوار ختم سال	بماہ آخر ختم سال بقیہ رقم

۱۱۔ ڈیوٹی کی شرح میں اگر کمی بیشی ہوگی تو اسی حساب سے رقم ڈیوٹی روزینہ سرکاری کم و بیش کرکے لیجائیگی اور اسی تناسب سے تکمیل ضمانت کیجائیگی۔

۱۲۔ زر ٹھیکہ کی تکمیل ضمانت میں دو ماہ پیشگی نقد لیا جائیگا۔ اور دو [illegible] کی ضمانت جائداد کی کفالت سے کرائی جائیگی۔

۱۳۔ نمک جو کھوڑی سامبر کے [illegible] سے آئیگا بلا آمیزش فروخت کرنا ہوگا اور حتی الامکان عمدہ نمک منگوانا ہوگا۔

۱۴۔ اگر کوئی شخص خفیہ طور پر باہر سے نمک سامبر یا نمک لاہوری شہر میں لائے تو ٹھیکہ دار اسکو اپنی نشاندہی سے گرفتار کر سکیگا اور یا اگر کوئی دوسرا شخص گرفتار کرائے تو دونوں صورتوں میں گرفتار شدہ نمک نرخ مقررہ باخذ قیمت ٹھیکہ دار کو دیا جائیگا۔ اور مخبر [illegible]

نمک گرفتار شدہ شخص کے جسقدر انعام حکام مجاز گرفتار کنندہ کے لئے تجویز کرینگے
انکو دیا جائیگا۔ بقیہ قیمت بحق سرکار بعد ضبطی سیاہہ کیجائیگی اور شخص
گرفتار شدہ کو جو سزا مناسب ہوگی دیجائیگی۔

۱۵- نمک سامبر یا نمک لاہوری اگر کوئی شخص اہل خاندان یا ملازمان
یا رعایا میں سے سوائے سرکار ابد قرار کے اپنے صرف کیواسطے یا بطور
تحفہ یا ہدیہ بیرونجات سے لائیں یا منگوائینگے تو وہ بھی لایق ضبطی ہوگا۔

۱۶- نمک کا اسٹاک بقدر ضرورت ہر وقت ٹھیکہ دار کو موجود اور مہیا
رکھنا ہوگا اور علاوہ نمک روزنہ جات کے جس جس وقت جس جسقدر
نمک کی ضرورت ہوگی منگوانا ہوگا۔

۱۷- اگر کسیوقت کسی خاص حالت میں بلا قصور ٹھیکہ دار کے نمک کی آمد
رک جائیگی اور اسٹاک ختم ہوجائیگا تو ٹھیکہ دار کو مرادآباد بریلی وغیرہ
مقامات ملحقہ سے نمک لاکر بیچنا ہوگا اُسکے نرخ کی بابت اسوقت
غور مناسب کیا جائیگا۔

۱۸- جلسۂ نیلام میں معلوم ہوا کہ اسٹیشن رامپور کے متصل دکانات میں
اور اسٹیشن رامپور میں اور حافظ حضرت نور پنجابی کے کارخانہ روغن
گلی میں متصل اسٹیشن رامپور میں اشخاص ذیل کا منگوایا ہوا نمک زائد
تعداد سے رکھا ہوا ہے۔ لچھمن لال خیراتی لال حضرت نور
اس نمک کے مالکان پر فرض ہوگا کہ اس نمک کو کسیوقت شہر میں نہ لائیں
اور نہ موجودہ مقامات متصلہ اسٹیشن پر متفرق طور پر فروخت کریں
البتہ دوسرے مقامات کو روانہ کرسکتے ہیں لہذا اُسکا صحیح وزن
اور مقدار بوریوں کی تحصیلدار صاحب حضور تحصیل کو لکھوا دیں اور جسوقت
وہ اس نمک کو دوسرے مقامات پر ذریعہ ریل یا ذریعہ کسی دوسری
باربرداری کے روانہ کرنا چاہیں اُسوقت اُسکی اطلاع کرکے اجازت
حاصل کریں تاکہ کسی اہلکار کی نگرانی میں روانگی کرادیں اور اس حکم کے
خلاف مالکان نمک موجودہ متفرق طور پر بیچینگے تو اُنسے مواخذہ
کیا جائیگا۔

۱۹- جو شخص علاوہ ٹھیکہ دار شہر کے اپنا نمک عام تجارت کی غرض سے
ذریعہ ریلوے منگاکر اسٹیشن رامپور پر اتارے اُس پر فرض ہوگا کہ اول ہمارے
اجلاس میں اس امر کی درخواست پیش کرے کہ اس قدر نمک فلاں مقام پر
لیجانے کے لئے رامپور اسٹیشن پر منگوانا منظور ہے۔ اس درخواست پر اجازت
حاصل کرکے نمک منگوائے۔ اور جب نمک اسٹیشن رامپور پر آجائے تب اطلاع
دے تاکہ اُس نمک کو تحصیلدار کسی اہلکار کی نگرانی میں اُس مقام کو روانہ کراکر
رپورٹ اطلاع ہمارے اجلاس میں بھیجدیں۔

۲۰- اشخاص مندرجہ دفعہ ۱۸ میں سے اگر کوئی شخص اس جلسہ میں ٹھیکہ
نمک شہر کا لیلے تو اُسکو حق حاصل ہوگا کہ وہ اپنا نمک موجودہ اسٹیشن تحصیل ٹھیکہ
ٹھیکہ داری شہر کے شہر میں لے آئے۔

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۲ر جون ۱۹۲۵ء

مثبتہ تحریر صاحب چیف مجسٹریٹ درجہ اول دربارہ منظوری
رخصت مزید آٹھ یوم چمن لال انچارج ناظر فوجداری
بوجہ علالت۔

حکم

مزید رخصت آٹھ یوم بانتظام موجودہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ
جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۴ر جون ۱۹۲۵ء

مثبتہ تحریر بخشی صاحب فوج دربارہ منظوری رخصت
مزید پندرہ یوم پیارے لال اہلمد مسٹری بوجہ علالت
بذمہ داری منشی گلزاری لال منصرم۔

حکم

حسب تحریر بخشی صاحب فوج پیارے لال اہلمد مسٹری کی بوجہ علالت
بسلسلۂ رخصت سابقہ ۱۳ر لغایت ۲۷ر جون ۱۹۲۵ء پندرہ
روز کی رخصت منظور کی جاتی ہے۔ بغرض اجرا یہ احکام صدر کو مرسل ہو
دستخط صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

واقع ۱۱ر جون ۱۹۲۵ء

محکمہ تعمیرات میں ایسا کوئی رجسٹر نہیں ہے جس سے سرکاری عمارات مرکز کہ
شہر و بیرونجات کی اصلی حالت معلوم ہوسکے۔ صرف بوقت ضرورت
مرمت وغیرہ سب اوورسیران اور ملازمان صیغہ متعلق کی رپورٹیں آتی ہیں

جو کافی نہین ہین - لہذا حسب ذیل تجویز کیجاتی ہے -
۱- اسسٹنٹ انجنیر صاحب سال مین دو مرتبہ یعنی ایکبار قبل برسات اور دوسری مرتبہ بعد برسات دورہ کر کے جملہ عمارت سرکہائے شہر و بیرونجات کا { باستثنائے محلات قلعہ معلے و محلات خاص باغ } معائنہ کیا کرین -
۲- ایک رجسٹر جسمین جملہ عمارات سرکہائے کا اندراج ہوگا مرتب کیا جاکر اکزیکٹو انجنیر صاحب کے دفتر مین رہیگا اور اسمین اس معائنہ کی تفصیلی کیفیت بقید تاریخ وغیرہ درج کیجائیگی -
۳- صاحب اکزیکٹو انجنیر خود بھی جہانتک ممکن ہو سکے معائنہ کیا کرین اور اپنے معائنہ کی کیفیت رجسٹر مذکورہ مین درج کردیا کرین -
۴- جملہ ملازمان صیغہ جات جنکا تعلق عمارات سرکاری سے ہو بوقت معائنہ ہر قسم کی سہولت بہم پہنچائین - لہذا

حکم ہوا کہ

نقول روبکار ہذا بغرض اطلاع و عملدرآمد حسب ضابطہ محکمہ صدر سے جاری ہون اور بغرض اطلاع عام درج گزٹ ہو - ذریعہ ڈی او ایک ایک نقل ہذا جملہ سکریٹری صاحبان کی خدمت مین مرسل ہو - تاکہ ماتحتان متعلقہ کو مطلع فرمادیا جائے -

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

واقع ۲۷ جون سنہ ۱۹۲۵ء

دربارہ انتخاب ممبران میونسپل بورڈ ملازم سرکار و غیر ملازم سرکار، جدید برائے سہ سال -

حکم

بذریعہ نقول احکام جملہ ممبران سرکار مندرجہ فہرست نمبر ۱ کو جلد اطلاع دیجائے اور فہرست نمبر ۲ کی نقل بذریعہ نقل حکم میونسپل افسر صاحب کی خدمت مین بھیجی جائے تاکہ صاحب موصوف جملہ ممبران غیر سرکار کو حسب ضابطہ اطلاع دیدین - یکم جولائی سنہ ۱۹۲۵ء سے آیندہ تین سال کیواسطے یہ انتخاب ہوا ہے - ایک نقل دونون فہرستونکی بغرض اندراج گزٹ مطبع مین بھیجی جائے - برائے اجرائے احکام فوری صدر کو مرسل ہو -

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

فہرست ممبران سرکار

نمبر شمار	نام حلقہ	نام محلہ	درجہ	نام	کیفیت
۱	.	.	وائس چیرمین	مولانا مولوی [illegible] صاحب استاد سرکار [illegible]	
۲	.	.	ایضاً	مولوی محمد ارشاد احمد خانصاحب جج عدالت خفیفہ	
۳	.	.	ممبر	صاحب چیف میڈیکل افسر	
۴	.	.	〃	صاحبزادہ سید ولی ظفر خانصاحب اسسٹنٹ انجنیر	
۵	.	.	〃	مسٹر بابو لال گپتا صاحب پرنسپل	
۶	.	.	〃	اسسٹنٹ سکریٹری منشی [illegible] صاحب ممبر بورڈ آف آڈٹ	
۷	.	.	〃	منشی شیام بہادر صاحب ڈپٹی [illegible]	
۸	.	.	〃	اسسٹنٹ انجنیر صاحب [illegible]	
۹	.	.	〃	مولوی محمد یعقوب صاحب وکیل سرکار	
۱۰	.	.	〃	ہیلتھ افسر صاحب	

فہرست ممبران غیر سرکار

نمبر شمار	نام حلقہ	نام محلہ	درجہ	نام	کیفیت
۱	.	.	ممبر	مبارک علیخانصاحب جاگیردار	
۲	.	.	ممبر	جعفر علیخانصاحب عرف لڈن خان [illegible]	
۳	.	.	〃	ماسٹر ہرنام سنگھ صاحب	
۴	.	.	〃	حکیم الطاف علیخانصاحب	
۵	.	.	〃	آفتاب الدین خانصاحب	
۶	.	.	〃	لیاقت علیخانصاحب	
۷	.	.	〃	محمد عطاء اللہ خانصاحب	
۸	.	.	〃	لالہ لچھمن لال صاحب	
۹	.	.	〃	قسیم خانصاحب ٹھیکہ دار	
۱۰	.	.	〃	مولوی عبدالرزاق خانصاحب وکیل	
۱۱	.	.	〃	لالہ لچھمی نراین صاحب	
۱۲	.	.	〃	حافظ فصیح اللہ خانصاحب	
۱۳	.	.	〃	محمد فضل حسن صاحب صابری ذیلدار [illegible]	
۱۴	.	.	〃	مولوی اعجاز حسین صاحب وکیل	
۱۵	.	.	〃	مولوی مجتبیٰ خانصاحب مستاجر	
۱۶	.	.	〃	ساہو شیو چرنداس صاحب	
۱۷	.	.	〃	لالہ انند پرشاد صاحب	
۱۸	.	.	〃	حکیم محمود رضا خانصاحب	
۱۹	.	.	〃	عبدالستار خانصاحب	
۲۰	.	.	〃	ساہو بنارسی داس صاحب	

روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر پی۔ ڈبلو۔ ڈی۔ و صنعت و حرفت ریاست رامپور

واقع ۶ اپریل ۱۹۲۵ء

روئداد جلسہ جنرل کمیٹی میونسپل بورڈ منعقدہ ۳ اپریل ۱۹۲۵ء ملاحظہ ہوئی۔ ریزولیوشن نمبر ۹ کی بابت حسب تجویز ممبران منظوری دیگئی۔

لہذا حکم ہوا کہ

اصل روبکار ہذا مع روئداد منسلکہ میونسپل افسر صاحب کی خدمت میں مرسل ہو اور نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع میں بھیجی جاوے فقط

دستخط صاحب سکریٹری بہادر پی۔ ڈبلو۔ ڈی۔ صنعت و حرفت

روئداد جلسہ میونسپل جنرل کمیٹی تصفیہ شدہ منعقدہ ٹاون ہال واقع میونسپل آفس

محررہ ۳ اپریل ۱۹۲۵ء

نمبر شمار	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران لازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
		مولوی نجابت حسین صاحب	صاحب میونسپل افسر	۱۔ صاحبزادہ سید محمد تقی خاں ۲۔ عزیز احسن خانصاحب منصرم	۱۔ ماسٹر بیرام سنگھ صاحب ۲۔ لالہ رام کنور صاحب ۳۔ مبارک علی خاں صاحب جاگیردار ۴۔ لالہ طوطا رام صاحب ۵۔ چودھری جانکی پرشاد صاحب			
۱	درخواست محمد عاشق محلہ ... باشندہ تعمیر سہ دری و تعمیر کارنس و ایک دروازہ جدید					۱	عرضی گذار کو تعمیر سہ دری کی اجازت بحکم ۱۳ جنوری ۱۹۲۵ء اجلاس جناب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت و تعمیرات ہو چکی ہے۔ اور رسم نذرانہ سہ دری ادا ہو چکی اسکی علاوہ ایک دروازہ جدید اور چوکی کی کارنس کی تعمیر بلا حصول اجازت کی ہے کارنس پر مبلغ چار روپیہ و دروازہ جدید کے دو روپیہ نذرانہ داخل ہو چکے	ایضاً

[illegible]	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
							بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ باخذ نذرانہ چھ روپیہ تعمیر کارنس و دروازہ جدید کے اجازت دیجاتی ہے یہ تعمیر بلا اجازت ہوئی اِس تعمیر کے اجازت کی رشتہ عار درخوست سابقہ مین نہین کی گئی ہے اسٹام دو آنہ عرضی گذار سے لیکر شامل کاغذات بذا کر دیا جائے اور اجازت نامہ دیدیا جائے	ایضاً
۲	درخوست جیون خان ساکن محلہ مسجد بیلو والی باشندہ عار تعمیر دیوار پاکھ و برآمدگی دروازہ و دو کھڑکیان جدید۔					۲	بالاتفاق رائے پاس ہوئی کہ حسب رپورٹ ممبر صاحب و سپرنٹنڈنٹ حلقہ برضامندی اہل محلہ اجازت تعمیر دیوار پاکھ و چھت و بنیاد قایم رہ و برآمدگی ایک دروازہ جدید و دو کھڑکیان باخذ نذرانہ چار روپیہ دیجاتی ہے بعد ادخال نذرانہ اجازت نامہ دیا جائے۔	ایضاً
۳	درخوست مسعود خان ساکن محلہ تالاب کیلہ والا باشندہ عار تعمیر دروازہ کلان بجائے دروازہ خورد پیش شدہ جنرل میونسپل کمیٹی ۲۰ مارچ ۱۹۲۵ء					۳	بالاتفاق رائے پاس ہوئی کہ حسب رپورٹ ممبر صاحب و سپرنٹنڈنٹ حلقہ برضامندی اہل محلہ اجازت برآمدگی دروازہ کلان بجائے دروازہ خورد دیجاتی ہے دروازہ خورد کے دو روپیہ نذرانہ منہا کر کے ایک روپیہ (نقد) عرضی گذار سے حسب رپورٹ سپرنٹنڈنٹ میونسپلٹی وصول کر کے سیاہ کرایا جائے اور اجازت نامہ دیا جائے	ایضاً
۴	رپورٹ جمعدار حلقہ ملاطریف بشکایت اطلاع تعمیر دیوار بلا حصول اجازت ازان چنا کمہار۔					۴	تحقیقات سے یہ امر ثابت ہے کہ مسمے چنا کمہار کی عدم موجودگی مین اوسکی عورت نے بوجہ بے پردگی دیوار تعمیر کرالی ہے۔ بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ اسٹام ایک آنہ شامل کر کے اجازت نامہ دیدیا جائے۔	ایضاً
۵	درخوست مسماۃ چھبا زوجہ کلو ساکن کوچہ پنسیریاں باشندہ عار اجازت دو دروازہ جدید و چھجہ					۵	بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ حسب رپورٹ ممبر صاحب سپرنٹنڈنٹ حلقہ اجازت برآمدگی دو دروازہ جدید باخذ نذرانہ چار روپیہ و تعمیر چھجہ طولاً آٹھ درعہ عرض ۱۲ گرہ باخذ نذرانہ پانچ روپیہ برضامندی اہل محلہ دیجاتی ہے رقم نذرانہ سیاہ کرا کے اجازت نامہ دیا جائے۔	ایضاً
۶	درخوست امین ذات [illegible] ساکن محلہ دہیچہ چھیپیان باشندہ عار اجازت دو دروازہ جدید					۶	بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ حسب رپورٹ ممبر صاحب و سپرنٹنڈنٹ حلقہ برضامندی اہل محلہ اجازت برآمدگی	

نمبر شمار	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	نمبر	تجویزات کمیٹی	[illegible]
							دو دروازہ جدید باخذ نذرانہ چار روپیہ وصول کر کے دیجاتی ہے نذرانہ سیاہہ کرایا جائے۔	ایضاً
۷	درخواست محلہ داران جدید باستدعا اجازت تعمیر دیوار قبرستان و شمول آراضی و مسجد پیلو والی پیش شدہ جنرل میونسپل کمیٹی ۲۰ فروری ۱۹۲۵ء					۷	رپورٹ تحقیقاتی ماسٹر ہرنام سنگھ صاحب ممبر حلقہ مفصل ہے اور نقشہ موقع بھی شامل ہے کہ جو حصہ درج آراضی نقشہ میں رنگ سرخ دکھلائی گئی ہے وہ آراضی شامل صحن مسجد ہوگی جسقدر قبور موجود ہیں وہ بدستور رہیں گے آراضی قبرستان کی ہے اور صحن مسجد میں آراضی مذکورہ شامل ہے اور نہ سرکاری کوئی نقصان ہے بلکہ راستہ کی خوشنمائی اور قبروں کی حفاظت منظور ہے بالاتفاق رائے پاس ہوئی کہ بشمول آراضی قبرستان دیوار کے تعمیر کی اجازت دیجاتی ہے	ایضاً
۸	درخواست کلن خان ساکنہ محلہ نیلبانان باستدعا اجازت چار دروازہ جدید۔					۸	بالاتفاق رائے پاس ہوئی کہ حسب رپورٹ ممبر صاحب و سپرنٹنڈنٹ حلقہ برضامندی اہل محلہ اجازت آمدگی چار دروازہ جدید نذرانہ آٹھ روپیہ دیجاتی ہے رقم نذرانہ امانت ہے سیاہہ کیا جائے اور اجازت نامہ دیدیا جائے۔	ایضاً
۹	درخواست فرحت شاہ خان ساکنہ محلہ تالاب نہال الدین خان باستدعا اجازت برآمدگی دروازہ جدید					۹	معائنہ کاغذات ہذا سے واضح ہے کہ عرضی گذار کو اجازت برآمدگی دروازہ جدید باخذ نذرانہ دو روپیہ بحکم [illegible] ۱۹۲۳ء اجلاس جناب صاحب ہوم سکریٹری بہادر مرحمت ہو چکی ہے رقم نذرانہ داخل نہیں ہوئی اور بلا ادخال نذرانہ کے تعمیر دروازہ کر لیگئی تحقیقات لالہ رام کنوار صاحب ممبر حلقہ سے یہ امر ثابت ہے کہ یہ موقع اندرونی ہے نذرانہ کے بابت عرضی گذار نے ظاہر کیا کہ صرف ایک [illegible] سپاہی وصول کیلئے آیا تھا اور [illegible] کل کو لیجاؤ بالاتفاق رائے یہ پاس ہوئی کہ حسب رپورٹ ممبر صاحب حلقہ صرف رقم نذرانہ قابل وصول ہے جو کہ اجازت اجازت ہو چکی ہے اور موقع اندرونی ہے تاوان قابل وصول نہیں ہے بابت صدور حکم اجلاس جناب سکریٹری [illegible] صنعت و حرفت پیش ہو۔	ایضاً

نقشہ بارش ریاست رامپور ابتدا ۱۵ لغایت ۲۱ جون ۱۹۲۵ء

تاریخ	صدر رامپور: تعداد خط	صدر رامپور: افزون	تحصیل بلاسپور: تعداد خط	تحصیل بلاسپور: افزون	تحصیل سوار: تعداد خط	تحصیل سوار: افزون	تحصیل شاہ آباد: تعداد خط	تحصیل شاہ آباد: افزون	تحصیل ملک: تعداد خط	تحصیل ملک: افزون	تحصیل ٹانڈہ: تعداد خط	تحصیل ٹانڈہ: افزون
۱۵ جون ۱۹۲۵ء یوم دوشنبہ				-	.		.		.	.	-	
۱۶ جون ۱۹۲۵ء یوم سہ شنبہ	.	۱	.	.	.	.	.	.	.	.	.	۲
۱۷ جون ۱۹۲۵ء یوم چہارشنبہ	.	۱	.	.	.	.	.	.	.	.	.	۲
۱۸ جون ۱۹۲۵ء یوم پنجشنبہ	.	۱	.	.	.	.	.	.	.	.	.	۳
۱۹ جون ۱۹۲۵ء یوم جمعہ	.	۱	۱۰	۱۰	۴½	۴½	۲۵	۲۵	۱۴	۱۴	۳	۵
۲۰ جون ۱۹۲۵ء یوم شنبہ	-	۱	۴	۱۴	.	۲½	.	۲۵	۴	۱۸	۲	۴
۲۱ جون ۱۹۲۵ء یوم یکشنبہ	۴۳	۴۴	۳۹	۵۳	۳۱	۳۵½	۲۸	۵۳	۱۰۸	۱۳۶	۲۹	۳۶

نقشہ اجناس ریاست رامپور ابتدا ۲۲ لغایت ۲۸ جون ۱۹۲۵ء

نام جنس	صدر تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
نخود گیہوں	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
[illegible]	[illegible]		.	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
[illegible]	[illegible]		.	.	.	[illegible]	
[illegible]	[illegible]		.	.	[illegible]	.	
[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	.	[illegible]	
[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
[illegible]	[illegible]		.	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	.	[illegible]	
[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
[illegible]	.		.	.	.	.	